© rasailojaraid.com



۱۶۷۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔[آخرت کے لیے معاد کا لفظ عام نہیں۔ امین احسن اصلاحی صاحب کے ہاں ملتا ہے۔ اس کتاب کو مولانا کی حقیقتِ شرک، حقیقتِ توحید، حقیقتِ نماز اور حقیقتِ تقویٰ کے سلسلے میں سمجھنا چاہیے کہ انھیں حقیقتِ معاد اور حقیقتِ رسالت لکھنے کی ارادے کے باوجود مہلت نہ ملی۔ محبوب سبحانی نے ایک شاگرد کی طرح تدبر قرآن کے ۶ ہزار سے زائد صفحات سے معاد کے مضامین کو جمع کر دیا ہے۔ اسی لیے یہ ایک تالیف ہے کہ جس میں اصلاحی صاحب کے پیرے کے پیرے نقل کیے گئے ہیں۔ آخرت کے مختلف پہلوؤں پر قرآن کی روشنی میں گفتگو آ گئی ہے۔]

☆ تحقیق نامہ (۲۰۰۵ء-۲۰۰۶ء)۔ مدیر: سہیل احمد خان، شعبۂ اُردو، گورنمنٹ کالج، یونی ورسٹی روڈ، لاہور۔ پاکستان۔ ص ۴۰۸۔ قیمت: درج نہیں۔[جی سی یونی ورسٹی کا خصوصی شمارہ، جو معاصر نام ور ادیبوں، شاعروں اور اکابر ادب کے مکاتیب بنام محمد طفیل مدیر نقوش لاہور پر مشتمل ہے۔ جاوید طفیل نے یونی ورسٹی کو ۵ ہزار خطوط کا عطیہ دیا ہے۔ لائبریری میں محفوظ، اس ذخیرے سے یہ منتخب خطوط، شعبۂ اُردو کے استاد محمد سعید نے مختصر حواشی اور ایک مفصل مقدمے کے ساتھ مرتب کیے ہیں۔ ایک دل چسپ ادبی دستاویز۔]

☆ سہ ماہی الٰہیات، جھنگ۔ مدیرہ: آسیہ پروین۔ اسلامائزیشن انسٹی ٹیوٹ، حویلی بہادر شاہ جھنگ۔[حقوقِ نسواں کا علَم بردار سہ ماہی الٰہیات ان معنوں میں ایک منفرد تجربہ ہے کہ اسلامی الٰہیات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے خواتین کے بارے میں جملہ مسائل کو زیر بحث لانے کا اہتمام کر رہا ہے۔ صفحات کا دامن محدود ہے مگر مجلسِ ادارت کا عزم اور تصور بڑا واضح ہے۔ اس زمانے میں، جب کہ مسلم خواتین کے نام پر طرح طرح کے فتنے جگائے جا رہے ہیں، یہ رسالہ تازہ ہوا کا ایک جھونکا ہے۔]

☆ تحفہ حرم، مولانا مرغوب احمد لاجپوری۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، ST/9E، بلاک ۸، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۲۸۲ مجلد۔ قیمت: ۱۴۰ روپے۔[یہ کتاب آٹھ مقالات کا مجموعہ ہے۔ پہلا آبِ زم زم ۱۰۰ صفحات اور آخری عجوہ کھجور ۱۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسرے موضوعات حجر اسود، رکن یمانی، مقامِ ابراہیم اور ملتزم ہیں۔ ان موضوعات پر ضروری اور دل چسپ معلومات سلیقے سے جمع کر دی گئی ہیں۔]

☆ اُساں نیں نبی پاکؐ اُوَر [ہمارے نبی مکرمؐ] محبت حسین اعوان۔ ناشر: ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، ۵۰۸ یونی شاپنگ سنٹر، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔[ڈھونڈی کڑریالی (پہاڑی زبان) میں نبی کریمؐ کی سیرت مبارکہ پر دنیا بھر میں لکھی جانے والی پہلی کتاب۔ یہ زبان دریاے جہلم کے اطراف مری، کہوٹہ اور مظفر آباد وغیرہ میں بولی جاتی ہے۔ ڈھونڈی زبان کے ارتقا پر مفصل مقدمہ۔]

**اشاعت خاص حسن البنا** کا دوسرا حصہ جیسا کہ اعلان کیا گیا ہے کتاب ہو گی۔ اشاعت کے بارے میں آیندہ شمارے میں اطلاع ملاحظہ فرمایئے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com